روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعرات 4 دسمبر 2014ء 11 صفر 1436 ہجری 4 فتح 1393 ہش جلد 64-99 نمبر 274

پڑھنا لکھنا سکھا دو

جنگ بدر میں 70 کے قریب کافر قیدی بنے۔ ان میں کئی ایسے تھے جو لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ رسول اللہؐ نے ان سے فرمایا کہ اگر تم انصار کے دس، دس بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دو تو تمہیں آزاد کر دیا جائے گا۔ چنانچہ انصاری بچوں نے ان سے تعلیم حاصل کرنا شروع کر دی حضرت زید بن ثابت جو بعد میں کاتب وحی بنے انہی متعلمین میں سے ہیں۔

(طبقات ابن سعد جلد 2صفحہ 22دارالنشر بیروت)

اخلاق عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت خواجہ عبدالرحمان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود تحریر کرتے ہیں کہ

''بالعموم گھر میں تصنیف کا کام انجام فرماتے رہتے تھے (دین حق) کا غلبہ اور ادیان باطلہ کے مقابلہ کے لئے صرف قلم، دوات اور کاغذ حضور کے پاس ہتھیار ہوتے تھے۔ اور جولا نگاہ گھر کا صحن یا چوبارہ کا صحن قریباً ایک جریب لمبا ہوتا تھا۔ صحن کے دونوں سروں پر دو دواتیں رکھی جاتی تھیں۔ اور حضور والا چلتے چلتے تحریر کا کام اس صحن میں انجام دیتے تھے۔ جب پہلی دوات پر ہوتے تو سیاہی میں قلم مبارک ڈبو لیتے۔ اور جب دوسری دوات کے پاس جاتے تو اگر ضرورت پڑتی تو اس سے قلم کے لئے سیاہی حاصل فرماتے۔ اور جو کچھ حضور چلتے چلتے یا کھڑے کھڑے ارقام فرماتے تھے اسے ساتھ کے ساتھ دھیمی آواز میں دھراتے بھی جاتے تھے۔

عورتوں یا بچوں کا خواہ کس قدر شور وغوغا پاس ہو رہا ہو آپ کو خبر بھی یا اس کی طرف التفات بھی نہ ہوتی تھی۔

خاکسار نے کوئی کتب خانہ آپ کے پاس نہیں دیکھا اور نہ کوئی حوالہ بتانے کے لئے کبھی کسی معاون کو حضور کے پاس دیکھا۔ حضور سب مضامین قرآن پاک ہی سے استنباط فرماتے۔ جس کے حقائق ومعارف کا قیمتی کتب خانہ حضور کے سینہ مبارک میں ہوتا تھا۔ غرض ظاہری سامانوں سے صرف وہ دو دواتیں۔ ایک قلم انگریزی نب والا اور کاغذ حضور انور کے پاس دیکھتا تھا۔ اور بس۔ قسم بخدا عزوجل کبھی کوئی معاون یا ممد تصنیف میں آپ کے پاس کبھی بھی خاکسار نے نہیں دیکھا سب کام حضور والا شان خود ہی انجام دیتے تھے۔ پروف تک اکثر خود ہی دیکھتے تھے۔ شاذ ہی پروف کسی اور کو دیکھنے کے لئے دیتے۔

حضور کو خاکسار نے تخت پوش پر بھی تصنیف کا کام کرتے ہوئے دیکھا اور رات کو بھی یہ کام اس طرح انجام فرماتے تھے کہ بہت سی موم بتیاں میز پر جلا لیتے تھے۔ اور ان کی روشنی میں تحریر کا کام انجام فرماتے۔ بعض اوقات یہ کام صبح کی نماز کے وقت انجام دیتے رہتے تھے۔

خاکسار نے حضور کو کبھی بے کار نہیں دیکھا۔ جب فراغت ہوتی تو حضور کمرے یا صحن میں ٹہلتے رہتے تھے اور اس وقت حضور سوچ بچار اور فکر مند نظر آتے تھے یا دل میں ذکر اللہ کرتے ہوئے معلوم ہوتے تھے۔

(الحکم 7 جون 1934ء)

رعونت وکبر سے بچو

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''انسان کو چاہئے کہ ہر دم اپنے آپ کو دیکھے کہ میں کیسا ہیچ ہوں۔ میری کیا ہستی ہے، ہر ایک انسان خواہ وہ کتنا ہی عالی نسب ہو مگر جب وہ اپنے آپ کو دیکھے گا بہرنہج وہ کسی نہ کسی پہلو میں بشرطیکہ آنکھیں رکھتا ہو تمام کائنات سے اپنے آپ کو ضرور بالضرور ناقابل وہیچ جان لے گا۔ انسان جب تک ایک غریب وبیکس بڑھیا کے ساتھ وہ اخلاق نہ برتے جو ایک اعلیٰ نسب عالی جاہ انسان کے ساتھ برتتا ہے یا برتنے چاہئیں اور ہر ایک طرح کے غرور ورعونت وکبر سے اپنے آپ کو نہ بچاوے وہ ہرگز ہرگز خدا تعالیٰ کی بادشاہت میں داخل نہیں ہوسکتا۔''

(ملفوظات جلد 3 صفحہ 315)

☆............☆............☆

حسد سے بچیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

''اگر انسان کے دل میں خدا کا خوف ہو تو وہ یہ دعویٰ کر ہی نہیں سکتا کہ میرے اندر بڑی نیکی ہے اور یہ کہ یہ نیکی ہمیشہ میرے اندر قائم بھی رہنی ہے۔ پس اگر کسی سے کوئی نیکی کی بات ہوتی ہے تو اللہ کا خوف رکھنے والے اور حقیقت میں نیک بندے اس پر ہمیشہ قائم رہنے کی دعا کرتے ہیں۔ اور ہر احمدی کو چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کا خوف دل میں رکھتے ہوئے نیکیوں کو اپنے اندر قائم رکھنے کی کوشش کرے اور سب سے زیادہ جو نیکیوں کو جلا کر خاک کرنے والی چیز ہے اس سے بچنے کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں جیسا کہ...... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ حسد ہے۔ پس اس حسد کی بیماری کو کوئی معمولی چیز نہ سمجھیں۔ تمام زندگی کی نیکیاں حسد کے ایک عمل سے ضائع ہوسکتی ہیں۔''

(خطبات مسرور جلد 4 صفحہ 258)

(فیصلہ جات مجلس مشاورت 2014ء

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

خطبات امام وقت سوال وجواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

خطبہ جمعہ 7 نومبر 2014ء

س: خطبہ جمعہ کے آغاز میں حضور انور نے کن قرآنی آیات کی تلاوت فرمائی؟

ج: ''تم ہرگز نیکی کو پا نہیں سکو گے یہاں تک کہ تم ان چیزوں میں سے خرچ کرو جن سے تم محبت کرتے ہو اور تم جو کچھ بھی خرچ کرتے ہو تو یقیناً اللہ اس کو خوب جانتا ہے۔'' (آل عمران:93)

س: حضرت مسیح موعود نے سورۃ آل عمران آیت 93 کی کیا تفسیر میں کیا فرمایا؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ''دنیا میں انسان مال سے بہت زیادہ محبت کرتا ہے۔ اسی واسطے علم تعبیر الرویاء میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس نے جگر نکال کر کسی کو دیا ہے (خواب میں یہ دیکھے) تو اس سے مراد مال ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حقیقی اتقاء اور ایمان کے حصول کے لیے فرمایا لن تنالوا البر ...... کہ حقیقی نیکی کو ہرگز نہ پاؤ گے جب تک کہ تم عزیز ترین چیز نہ خرچ کرو گے کیونکہ مخلوق الٰہی کے ساتھ ہمدردی اور سلوک کا ایک بڑا حصہ مال کے خرچ کرنے کی ضرورت بتلاتا ہے اور ابنائے جنس اور مخلوق الٰہی کی ہمدردی ایک ایسی شے ہے جو ایمان کا دوسرا جزو ہے جس کے بدوں ایمان کامل اور راسخ نہیں ہوتا۔ جب تک انسان ایثار نہ کرے دوسرے کو نفع کیونکر پہنچا سکتا ہے۔ دوسرے کی نفع رسانی اور ہمدردی کے لئے ایثار ضروری شے ہے اور اس آیت میں لن تنالوا ...... میں اسی ایثار کی تعلیم اور ہدایت فرمائی گئی ہے پس مال کا اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا بھی انسان کی سعادت اور تقویٰ شعاری کا معیار اور محک ہے۔ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ کی زندگی میں للّٰہی وقف کا معیار اور محک وہ تھا جو رسول اللہ ﷺ نے ایک ضرورت بیان کی اور وہ کل اثاث البیت لے کر حاضر ہو گئے۔''

(تفسیر حضرت مسیح موعود جلد دوم صفحہ 131)

س: حضور انور نے اللہ کے ہم پر کس عظیم احسان کا ذکر فرمایا ہے؟

ج: فرمایا! اللہ تعالیٰ کا ہم پر احسان ہے کہ ہمیں اس نے حضرت مسیح موعود کو ماننے کی توفیق عطا فرمائی جنہوں نے جہاں ہماری اعتقادی اور عملی اصلاح اللہ تعالیٰ کے احکامات اور اس کی بتائی ہوئی تعلیم کے مطابق کی وہاں روحانی ترقی اور تزکیہ کے بھی قرآنی تعلیم کے مطابق اسلوب سکھائے۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد کی طرف بھی توجہ دلائی۔ جان، مال، وقت اور اولاد کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے قربان کرنے کی روح بھی پیدا فرمائی۔

س: خطبہ جمعہ میں برکینا فاسو کے ایک شہر فادہ کے صدر جماعت کا کون سا واقعہ بیان ہوا ہے؟

ج: فرمایا! فادہ شہر کے صدر جماعت صاحب کہتے ہیں کہ اس سال جب عید الاضحیٰ آئی تو میرے پاس اتنی رقم بھی نہیں تھی کہ گھر کھانا بھی پک سکتا اس لئے قربانی کا سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ کہتے ہیں کہ ان دنوں تحریک جدید کے بارے میں مربی صاحب بھی درس دیتے تھے۔ میں نے برکت کے لئے دو ہزار فرانک اس میں دے دیا اور خیال کیا کہ اللہ تعالیٰ میری ضروریات پوری کر دے گا۔ بہرحال ایسا معجزہ ہوا کہ اگلے دن ہی ان کے چھوٹے بھائی نے ان کو آئیوری کوسٹ سے غیر معمولی طور پر بڑی رقم بھجوائی جس کی انہیں کوئی امید نہیں تھی جس سے قربانی کا بھی انتظام ہو گیا اور جو ان کے گھر کے اخراجات کے لئے ضرورت تھی وہ بھی پوری ہو گئی۔ چند گھنٹے میں یہ دیکھ کر میرے ایمان میں مزید اضافہ ہوا۔

س: برکینا فاسو کے ایک خادم کی مالی قربانی کیا کون سا واقعہ بیان ہوا ہے؟

ج: فرمایا! برکینا فاسو کے مربی صاحب لکھتے ہیں ویدبو کی جگہ کے ایک خادم ترابلے آدم صاحب نے کپاس کا بیج خریدا کہ اس کو بیچ کر گزارہ کروں گا لیکن کوئی گاہک نہیں ملا۔ بڑی تشویش ہوئی۔ بہرحال ایک دن پریشانی میں یہ مربی صاحب کے پاس آئے تو انہوں نے ان کو یہی کہا کہ اللہ کی راہ میں خرچ کرو تو اللہ تعالیٰ پریشانیاں دور کرتا ہے تم بھی یہ نسخہ آزما کے دیکھ لو۔ کہتے ہیں اس تحریک پر میں نے یہ تحریک جدید کا چندہ دے دیا اور یہ عہد کیا کہ اگر اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا جلد انتظام ہو گیا تو دس ہزار مزید دوں گا۔ وہ خادم کہتے ہیں کہ رسید کٹانے کے بعد فوری طور پر اللہ تعالیٰ نے ایسا انتظام کیا کہ اتنے گاہک آئے کہ چند دنوں میں بیج بک گیا اور ان کی توقع سے زیادہ آمد ہوئی اس کی وجہ سے انہوں نے دس ہزار مزید چندے میں دیا۔

س: حضور انور نے خطبہ جمعہ میں نو مبائعین کی بابت کیا ہدایت فرمائی؟

ج: فرمایا! نو مبائعین کو کم از کم کسی نہ کسی تحریک میں شامل کریں تا کہ ان میں مالی قربانی کی روح پیدا ہو اور یہ نہ دیکھیں کہ چندہ کتنا بڑھتا ہے رقم کتنی آتی ہے عادت ڈالنے کے لئے ہر احمدی کو مالی قربانی میں حصہ لینا چاہئے اور نو مبائعین کو خاص طور پر اس طرف توجہ دلائیں۔

س: بینن سے ایک احمدی دوست کی مالی قربانی کا کون سا واقعہ بیان ہوا؟

ج: بینن سے ہمارے مربی لکھتے ہیں ساوے ریجن کی ایک نومبائع جماعت پیل میں تربیتی اجلاس منعقد کیا گیا تو تحریک جدید کا تاریخی پس منظر بیان کیا گیا اور مالی قربانی کے بارے میں توجہ دلائی۔ اجلاس کے آخر پر دوستوں نے اپنا اپنا چندہ پیش کیا ایک دوست نے پوچھا کہ میرے پاس رقم تو نہیں لیکن چندہ دینے کی خواہش ہے اس پر وہاں کے مقامی مربی نے اس کی رہنمائی کی کہ حسب استطاعت جو کچھ ہے وہ پیش کریں۔ بڑے غریب تھے گھر سے مرغی کے دو انڈے لے کر آئے کہ اس وقت میرے پاس یہ ہیں تو ان کو بتایا گیا کہ یہ ان کی حیثیت کے مطابق بہت بڑی قربانی ہے اور خدا تعالیٰ کی نظر میں کوئی قربانی چھوٹی نہیں بس نیت نیک ہونی چاہئے۔

س: مالی کے ایک احمدی ابوبکر جارہ کی اللہ تعالیٰ نے نظام جماعت کی طرف کس طرح رہنمائی فرمائی؟

ج: فرمایا! مالی کے ایک پرانے احمدی ابوبکر جارہ صاحب نے کسی وجہ سے چندہ دینا چھوڑ دیا اور آہستہ آہستہ جماعتی پروگراموں میں بھی آنا چھوڑ دیا۔ اس پر انہیں کافی سمجھایا مگر کوئی فرق نہیں پڑتا تھا۔ ایک عرصے کے بعد وہ ایک دن مشن آئے اور اپنا چندہ ادا کیا اور بتایا کہ آج رات انہوں نے خواب میں دیکھا ہے کہ وہ بہت گہرے پانی میں ڈوب رہے ہیں اور کوئی ان کی مدد کے لئے نہیں آرہا۔ اتنے میں وہ ایک کشتی دیکھتے ہیں جس میں حضرت مسیح موعود سوار ہیں۔ حضور نے ان کا ہاتھ پکڑا اور کشتی میں اپنے ساتھ بٹھا لیا اور فرمایا کہ آئندہ کبھی بھی چندہ دینے میں سستی نہ کرنا۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ آئندہ کبھی بھی وہ چندہ دینے میں اور جماعتی کاموں میں غفلت نہیں برتیں گے۔

س: نائیجیریا کی جماعت اوکینے کے صدر صاحب کی مالی قربانی ان کے ایمان کے لئے کس طرح موجب تقویت بنی؟

ج: فرمایا! نائیجیریا کی ایک جماعت اوکینے کے صدر صاحب کہتے ہیں خاکسار کچھ عرصہ مالی مشکلات کا شکار رہا اس کی وجہ سے کافی پریشانی ہوئی پھر ایک دن مجھے خیال آیا کہ خاکسار نے تین ماہ سے چندہ ادا نہیں کیا ممکن ہے اسی سبب خاکسار اس مالی پریشانی میں مبتلا ہو۔ اس پر میں نے تین ماہ بعد چار ہزار نائرہ چندہ ادا کیا۔ خدا تعالیٰ کا کرنا ایسا ہوا کہ اسی ماہ خاکسار نے ایک قطعہ زمین بیچا جس پر میرے مولیٰ کریم نے آٹھ لاکھ نائرہ کا منافع عطا فرمایا اس وقت میرے ایمان کو مزید تقویت ملی کہ خدا تعالیٰ اپنے وعدوں کا سچا ہے۔ اب انہوں نے کوگی سٹیٹ کے کیپیٹل لوکوجا میں بیت الذکر اور مشن ہاؤس کے لئے ایک بہت بڑا پلاٹ بھی شہر کے علاقے میں لے کر دیا ہے۔

س: تنزانیہ کے ایک احمدی کی مالی قربانی کی وجہ سے کس طرح اللہ تعالیٰ نے ترقیات سے نوازا؟

ج: فرمایا! تنزانیہ سے ایک احمدی لکھتے ہیں کہ میری تعلیم میٹرک ہے ایک عرصے سے بیروزگار تھا مجھے ایک گیس کمپنی میں سکیورٹی گارڈ کی ملازمت مل گئی۔ چھپن ہزار شلنگ تنخواہ مقرر ہوئی۔ میں نے اسی وقت خدا سے عہد کیا کہ میں اپنی تنخواہ پر چندہ جات شرح کے مطابق ادا کروں گا خواہ مجھے کیسے ہی مسائل درپیش ہوں میں چندے میں سستی نہیں کروں گا۔ چنانچہ اس خادم نے اپنے اس عہد کو نبھایا۔ کہتے ہیں کہ میں آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے اسی مالی قربانی کے باعث اس گیس کمپنی میں سینئر فیلڈ گیس آپریٹر کے عہدے پر فائز ہوں اور مجھے ڈیڑھ ملین شلنگ تنخواہ مل رہی ہے۔ میری علمی قابلیت صرف معمولی دسویں پاس ہی ہے لیکن کمپنی کے قوانین کے مطابق میں اس عہدے کا اہل بھی نہیں ہوں لیکن محض خدا تعالیٰ کے فضل سے شرح کے مطابق مالی قربانی کرنے کی یہ برکتیں ہیں کہ میں اس عہدے پر فائز ہوں اور آج بھی شرح کے مطابق چندہ ادا کرتا ہوں۔

س: حضور انور نے لاہور کی ایک خاتون کا کون سا واقعہ بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! امیر صاحب لاہور لکھتے ہیں اسی طرح ہماری عورتیں بھی کس طرح قربانیاں دیتی ہیں کہ ایک خاتون نے اپنے کانوں کے طلائی بُندے تحریک جدید میں پیش کئے معاشی تنگی کی وجہ سے پہلے ہی ان کا سب زیور بک چکا تھا اور ان کی بہن نے ان کو بڑے چاؤ سے یہ بُندے بنوا کر دیئے تھے اور وعدہ لیا تھا کہ کسی گھریلو ضرورت کے لئے تم یہ فروخت نہیں کرو گی لیکن موصوفہ نے یہ چندہ تحریک جدید میں دینے کے بعد کہا کہ میں نے اپنی ضرورت کے لئے تو نہیں دیئے خدا کی راہ میں دیئے ہیں اور اللہ تعالیٰ سب ضروریات پوری کرنے والا ہے۔

س: جرمنی کے ایک احمدی دوست کی تحریک جدید کے سلسلہ میں مالی قربانی کا واقعہ درج کریں؟

ج: نیشنل سیکرٹری تحریک جدید جماعت جرمنی نے ایک مقروض دوست کا واقعہ لکھا ہے کہ انہوں نے تحریک جدید میں خصوصی وعدہ کر دیا اور اللہ تعالیٰ نے اتنی آمد بڑھا دی کہ قرض بھی ادا ہو گیا اور انہیں نیا مکان خریدنے کی بھی توفیق عطا فرمائی جو ان کے لئے بظاہر ناممکن تھا اور کہتے ہیں کہ میں پینتیس سال سے جرمنی میں رہ رہا ہوں کبھی اتنی آمد نہیں ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے نہ صرف مجھے قرض سے نجات عطا فرمائی بلکہ اڑھائی ماہ میں چالیس ہزار یورو آمد بھی بڑھ گئی۔

س: سوئٹزرلینڈ کے ایک نومبائع کی تحریک جدید میں غیر معمولی قربانی کا ذکر کن الفاظ میں کیا گیا؟

ج: فرمایا! سوئٹزرلینڈ سے مربی انچارج لکھتے ہیں کہ ایک ہمارے مقدونین نژاد سوئس بیتم ریڈیپی صاحب ہیں پچھلے سال انہوں نے اکتوبر میں بیعت کی تھی۔ تحریک جدید کے سال ختم ہونے میں صرف پانچ دن باقی تھے اور جماعت میں داخل ہوتے ہی انہوں نے ایک ہزار سوئس فرانک کی غیر معمولی رقم بغیر وعدے کے تحریک جدید میں ادا کر دی اور اگلے سال کا وعدہ بھی ایک ہزار لکھوا دیا۔ پھر دوران سال

باقی صفحہ 11 پر

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

حضور انور کا جلسہ سالانہ یوکے 2014ء کے موقع پر

اختتامی خطاب سوال و جواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

س: حضور انور نے یہ خطاب کب اور کہاں ارشاد فرمایا؟

ج: 31۔اگست 2014ء بمقام جلسہ گاہ حدیقۃ المہدی، لندن

س: حضور انور نے لوگوں کی مذہب سے دوری کی کیا وجوہات بیان فرمائیں؟

ج: فرمایا! مذاہب کو ماننے والے مذاہب سے اس لئے بھی دور ہوئے کہ ان کے خیال میں مذہب اب صرف قصے کہانیاں رہ گیا ہے اور آجکل کی مادی اور ترقی یافتہ دنیا میں اس کی ضرورت نہیں ہے۔ نہ ہر بندے سے تعلق رکھنے والے خدا کا ان میں تصور ہے، نہ مذہب کو آجکل کے علم سے مطابقت رکھنے والا یہ لوگ سمجھتے ہیں۔

س: حضور انور نے مذہب اور سائنس کی بابت کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا! ہمیں معترضین کے یہ اعتراض کبھی فکر میں نہیں ڈالتے کہ مذہب، تعلیم اور ترقی سے دور لے جاتا ہے یا مذہب خودغرضی کی عادت پیدا کر دیتا ہے۔ ہمیں تو حضرت مسیح موعود نے بتایا ہے کہ سائنس اور مذہب میں بالکل اختلاف نہیں ہے۔ مذہب بالکل سائنس کے مطابق ہے اور سائنس خواہ کتنی ہی عروج پکڑ جاوے مگر قرآن کی تعلیم اور اصول دین کو ہرگز نہیں جھٹلا سکے گی۔

س: حضور انور نے وقت کے امام کے انکار کی وجہ سے کن بلاؤں کے آنے کا ذکر فرمایا؟

ج: فرمایا! اس اللہ کے بھیجے ہوئے نے یہ کہا کہ دنیا نے اگر اپنی حالت نہ بدلی تو زلزلے بھی آئیں گے۔ پس اپنے پر رحم کرو اور اپنی حالتوں کو بدلو۔ زمانے کے امام نے کہا کہ تم نے اگر اپنی حالت نہ بدلی اور ظلموں میں حد سے بڑھتے گئے اور خدا تعالیٰ کی بات نہ مانی تو اللہ تعالیٰ نے مجھے فرمایا ہے کہ طاعون کی ایسی وبا پھوٹے گی جس کی تباہی غیر معمولی ہوگی۔ پس اپنی حالتیں بدلو اور نجات حاصل کرو اور جنہوں نے اس کی بات مانتے ہوئے اپنی حالتوں میں پاک تبدیلیاں پیدا کیں وہ زلزلوں سے بھی محفوظ رہے اور طاعون سے بھی محفوظ رہے۔

س: ایک شخص کے سوال پر کہ ''مذہب کیا ہے؟'' کے جواب میں حضرت مسیح موعود نے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ ''مذہب کیا ہے؟ وہی راہ ہے جس کو وہ اپنے لئے اختیار کرتا ہے۔ مذہب تو ہر شخص کو رکھنا پڑتا ہے اور وہ لا مذہب انسان جو خدا کو نہیں مانتا اس کو بھی ایک راہ اختیار کرنی لازمی ہے اور وہی مذہب ہے۔ مگر ہاں امر غور طلب یہ ہونا چاہئے کہ جس راہ کو اختیار کیا ہے کیا وہ راہ وہی ہے جس پر چل کر اس کو سچی استقامت اور دائمی راحت اور خوشی اور ختم نہ ہونے والا اطمینان مل سکتا ہے......۔ (ملفوظات جلد اوّل صفحہ 464)

س: مذہب کا خلاصہ بیان کریں؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ''مذہب کا خلاصہ دو ہی باتیں ہیں۔ یعنی حق اللہ اور حق العباد ...... یاد رکھنا چاہئے کہ حق دو ہی ہیں ایک خدا کے حقوق کہ اسے کس طرح پر ماننا چاہئے اور کس طرح اس کی عبادت کرنی چاہئے۔ دوم بندوں کی حقوق یعنی اس کی مخلوق کے ساتھ کیسی ہمدردی اور مؤاسات کرنی چاہئے۔'' (ملفوظات جلد دوم صفحہ 85)

س: خدا پر ایمان کے باوجود گناہ سرزد ہونے کی کیا وجہ بیان فرمائی؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ''اکثر لوگ صرف ایسے فرضی خدا پر ایمان لاتے ہیں جس کی قدرتیں آگے نہیں بلکہ پیچھے رہ گئی ہیں اور جس کی طاقت صرف قصوں اور کہانیوں کے پیرایہ میں بیان کی جاتی ہے۔ پس یہی سبب ہوتا ہے کہ ایسا فرضی خدا ان کو گناہ سے روک نہیں سکتا بلکہ ایسے مذہب کی پیروی میں جیسے جیسے ان کا تعصب بڑھتا جاتا ہے ویسے ویسے فسق و فجور پر شوخی اور دلیری زیادہ پیدا ہوتی جاتی ہے اور نفسانی جذبات ایسی تیزی میں آتے ہیں کہ جیسے ایک دریا کا بند ٹوٹ کر اردگرد پانی اس کا پھیل جاتا ہے۔''

(نصرت الحق، روحانی خزائن جلد 21 صفحہ 27)

س: سچی سکینت اور تسلی کے حصول کا کیا طریق بیان فرمایا؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ''وہ زندہ خدا جو قادرانہ نشانوں کے شعاع اپنے ساتھ رکھتا ہے اور اپنی ہستی کو تازہ بتازہ معجزات اور طاقتوں سے ثابت کرتا رہتا ہے وہی ہے جس کا پانا اور دریافت کرنا گناہ سے روکتا ہے اور سچی سکینت اور شانتی اور تسلی بخشتا ہے اور استقامت اور دلی بہادری کو عطا فرماتا ہے۔ وہ آگ بن کر گناہوں کو جلا دیتا ہے اور پانی بن کر دنیا پرستی کی خواہشوں کو دھوڈالتا ہے۔''

(نصرت الحق، روحانی خزائن جلد 21 صفحہ 28,27)

س: مذہب کا تصرف انسانی قویٰ پر کیا ہے؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ''یہ سوال کہ مذہب کا تصرف انسانی قویٰ پر کیا ہے انجیل نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔ لیکن قرآن شریف بڑی تفصیل سے بار بار اس مسئلہ کو حل کرتا ہے کہ مذہب کا یہ منصب نہیں ہے کہ انسانوں کی فطرتی قویٰ کی تبدیل کرے اور بھیڑیئے کو بکری بنا کر دکھلائے بلکہ مذہب کی صرف علّت غائی یہ ہے کہ جو قویٰ اور ملکات فطرتاً انسان کے اندر موجود ہیں ان کو اپنے محل اور موقعہ پر لگانے کے لئے رہبری کرے۔ مذہب کا یہ اختیار نہیں ہے کہ کسی فطرتی قوت کو بدل ڈالے۔ ہاں یہ اختیار ہے کہ اس کو محل پر استعمال کرنے کے لئے ہدایت کرے اور صرف ایک قوت مثلاً رحم یا عفو پر زور نہ ڈالے بلکہ تمام قوتوں کے استعمال کے لئے وصیت فرمائے کیونکہ انسانی قوتوں میں سے کوئی بھی قوت بُری نہیں بلکہ افراط اور تفریط اور بداستعمالی بُری ہے۔''

(سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب۔ روحانی خزائن جلد 12 صفحہ 341,340)

س: حضرت مسیح موعود نے مذہب کے اختیار کرنے کی اصل غرض کیا بیان فرمائی؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ''واضح رہے کہ مذہب کے اختیار کرنے سے اصل غرض یہ ہے کہ تا وہ خدا جو سرچشمہ نجات کا ہے اس پر ایسا کامل یقین آجائے کہ گویا اس کو آنکھ سے دیکھ لیا جائے کیونکہ گناہ کی خبیث رُوح انسان کو ہلاک کرنا چاہتی ہے اور انسان گناہ کی مہلک زہر سے کسی طرح بچ نہیں سکتا جب تک اس کو اس کامل اور زندہ خدا پر پورا یقین نہ ہو اور جب تک معلوم نہ ہو کہ وہ خدا ہے جو مجرم کو سزا دیتا ہے اور راستباز کو ہمیشہ کی خوشی پہنچاتا ہے۔ یہ عام طور پر ہر روز دیکھا جاتا ہے کہ جب کسی چیز کے مہلک ہونے پر کسی کو یقین آجائے تو پھر وہ شخص اس چیز کے نزدیک نہیں جاتا۔ مثلاً کوئی شخص عمداً زہر نہیں کھاتا۔ کوئی شخص شیر خونخوار کے سامنے کھڑا نہیں ہوسکتا اور کوئی شخص عمداً سانپ کے سوراخ میں ہاتھ نہیں ڈالتا۔ پھر عمداً گناہ کیوں کرتا ہے۔ اس کا یہی باعث ہے کہ وہ یقین اس کو حاصل نہیں جو ان دوسری چیزوں پر حاصل ہے۔ پس سب سے مقدم انسان کا یہ فرض ہے کہ خدا پر یقین حاصل کرے اور اس مذہب کو اختیار کرے جس کے ذریعہ سے یقین حاصل ہوسکتا ہے۔ پس واضح ہو کہ یقین کے حاصل ہونے کی صرف ایک ہی راہ ہے اور وہ یہ ہے کہ انسان خدا تعالیٰ کے مکالمہ کے ذریعہ سے اس کے خارق عادت نشان دیکھے اور بار بار کے تجربہ سے اس کی جبروت اور قدرت پر یقین کرے یا ایسے شخص کی صحبت میں رہے جو اس درجہ تک پہنچ گیا ہے۔''

(نسیم دعوت، روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 447)

س: حضرت مسیح موعود نے مذاہب کے انبیاء و اکابرین کے حوالہ سے کیا نصیحت بیان فرمائی؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ''مذہب اس بات کا نام نہیں ہے کہ انسان دنیا کے تمام اکابر اور نبیوں اور رسولوں کو بدگوئی سے یاد کرے۔ ایسا کرنا تو مذہب کی اصل غرض سے مخالف ہے۔ بلکہ مذہب سے غرض یہ ہے کہ انسان اپنے نفس کو ہر ایک بدی سے پاک کر کے اس لائق بناوے کہ اس کی رُوح ہر وقت خدا تعالیٰ کے آستانہ پر گری رہے اور یقین اور محبت اور معرفت اور صدق اور وفا سے بھر جائے اور اس میں ایک خالص تبدیلی پیدا ہو جائے تا اسی دنیا میں بہشتی زندگی اُس کو حاصل ہو''۔

(لیکچر سیالکوٹ، روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 233)

س: کن دو مرضوں سے بچنے کے لئے مذہب کی پیروی ضروری ہے؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ''غرض یہ دو خبیث مرضیں ہیں جن سے بچنے کے لئے سچے مذہب کی پیروی کی ضرورت ہے۔ یعنی اوّل یہ مرض کہ خدا کو واحد لاشریک اور متصف بہ تمام صفات کاملہ اور قدرت تامہ قبول نہ کر کے اس کے حقوقِ واجبہ سے منہ پھیرنا اور ایک نمک حرام انسان کی طرح اُس کے اُن فیوض سے انکار کرنا جو جان اور بدن کے ذرّہ ذرّہ کے شامل حال ہیں۔ دوسرے یہ کہ بنی نوع کے حقوق کی بجا آوری میں کوتاہی کرنا''۔

(نصرت الحق، روحانی خزائن جلد 21 صفحہ 30)

س: حضرت مسیح موعود نے دعاؤں کی قبولیت اور فرشتوں کی مدد کے حصول کے لئے کیا نصائح بیان فرمائی ہیں؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ''میں نصیحت کرتا ہوں کہ شر سے پرہیز کرو اور نوع انسان کے ساتھ حق ہمدردی بجا لاؤ۔ اپنے دلوں کو بغضوں اور کینوں سے پاک کرو کہ اس عادت سے تم فرشتوں کی طرح ہو جاؤ گے۔ کیا ہی گندہ اور ناپاک وہ مذہب ہے جس میں انسان کی ہمدردی نہیں اور کیا ہی ناپاک وہ راہ ہے جو نفسانی بغض کے کانٹوں سے بھرا ہے۔ سو تم جو میرے ساتھ ہو ایسے مت ہو۔ تم سوچو کہ مذہب سے حاصل کیا ہے کیا یہی کہ ہر وقت مردم آزاری تمہارا شیوہ ہو؟ نہیں بلکہ مذہب اُس زندگی کے حاصل کرنے کے لئے ہے جو خدا میں ہے اور وہ زندگی نہ کسی کو حاصل ہوئی اور نہ آئندہ ہوگی بجز اس کے کہ خدائی صفات انسان کے اندر داخل ہو جائیں۔ خدا کے لئے سب پر رحم کرو تا آسمان سے تم پر رحم ہو۔ آؤ میں تمہیں ایک ایسی راہ سکھاتا ہوں جس سے تمہارا نور تمام نوروں پر غالب رہے اور وہ یہ ہے کہ تم تمام سفلی کینوں اور حسدوں کو چھوڑ دو اور ہمدردِ نوع انسان ہو جاؤ اور خدا میں کھوئے جاؤ اور اس کے ساتھ اعلیٰ درجہ کی صفائی حاصل کرو کہ یہی وہ طریق ہے جس سے کرامتیں صادر ہوتی ہیں اور دعائیں قبول ہوتی ہیں اور فرشتے مدد کے لئے اُترتے ہیں۔ مگر یہ ایک دن کا کام نہیں ترقی کرو ترقی کرو۔ اُس دھوبی سے سبق سیکھو جو کپڑوں کو اول بھٹی میں جوش دیتا ہے اور دیئے جاتا ہے یہاں تک

کہ آخر آگ کی تاثیریں تمام میل اور چرک کو کپڑوں سے علیحدہ کر دیتی ہیں۔ تب صبح اُٹھتا ہے اور پانی پر پہنچتا ہے اور پانی میں کپڑوں کو تر کرتا ہے اور بار بار پتھروں پر مارتا ہے تب وہ میل جو کپڑوں کے اندر تھی اور اُن کا جز بن گئی تھی کچھ آگ سے صدمات اٹھا کر اور کچھ پانی میں دھوبی کے بازو سے مار کھا کر یکدفعہ جدا ہونی شروع ہو جاتی ہے یہاں تک کہ کپڑے ایسے سفید ہو جاتے ہیں جیسے ابتدا میں تھے۔ یہی انسانی نفس کے سفید ہونے کی تدبیر ہے اور تمہاری ساری نجات اس سفیدی پر موقوف ہے۔

(گورنمنٹ انگریزی اور جہاد۔ روحانی خزائن جلد 17 ص 14)

س: آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین کا نام (دین حق) رکھنے کی کیا وجہ بیان فرمائی؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ”پہلے نبی ایک ایک قوم کے لئے آیا کرتے اور اسی قدر سکھلاتے تھے جو اسی قوم کی استعداد کے اندازہ کے موافق ہو اور جن تعلیموں کی وہ لوگ برداشت نہیں کر سکتے تھے وہ تعلیمیں (دین حق) کی ان کو نہیں بتلاتے تھے اس لئے ان لوگوں کا (دین حق) ناقص رہتا تھا یہی وجہ ہے کہ ان دینوں میں سے کسی دین کا نام (دین حق) نہیں رکھا گیا۔ مگر یہ دین جو ہمارے پاک نبی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت دنیا میں آیا اس میں تمام دنیا کی اصلاح منظور تھی اور تمام استعدادوں کے موافق تعلیم دینا مدنظر تھا اس لئے یہ دین تمام دنیا کے دینوں کی نسبت اکمل اور اتم ہوا اور اسی کا نام بالخصوصیت (دین حق) رکھا گیا اور اسی دین کو خدا نے کامل کیا جیسا کہ قرآن شریف میں ہے۔ ”یعنی آج میں نے دین کو کامل کیا اور اپنی نعمت کو پورا کیا اور میں راضی ہوا جو تمہارا دین اسلام ہو“ (المائدہ:4) چونکہ پہلے دین کامل نہیں تھے۔“

(ست بچن، روحانی خزائن جلد 10 صفحہ 273)

س: جاپان میں اللہ تعالیٰ نے ایک اطالوی شخص کی ہدایت کا کس طرح سامان فرمایا؟

ج: فرمایا! جاپان، ٹوکیو میں ایک بک فیئر ہو رہا تھا جماعت احمدیہ اس میں شامل تھی وہاں ایک اطالوی شخص آیا اور خدا تعالیٰ کی ہستی اور اور مذہب کے حوالہ سے بات چیت کی پھر انہوں نے خدا کے بارہ میں سوال کیا۔ بتایا کہ وہ ایک مدت سے خدا کی تلاش میں ہے اور اس تلاش میں سعودی عرب Embassy سے بھی رابطہ کیا۔ ان کا خیال تھا کہ شاید وہاں سے ان کو خدا مل جائے...... جب انہیں بتایا گیا کہ حضرت مسیح موعود اور امام مہدی یہی پیغام لے کر آئے ہیں۔ حضرت مسیح موعود کی تصنیف لطیف اسلامی اصول کی فلاسفی دی گئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی کتاب اسلام اور عصر حاضر کے مسائل دی گئی اور ایک اور کتاب ان کو دی گئی۔ یہ کتابیں لے کر چلے گئے۔ اگلے دن آئے اور کہنے لگے میرے پاس الفاظ نہیں کس طرح شکر ادا کروں کہ اس کتاب میں اللہ تعالیٰ اور انبیاء کے متعلق جو تعلیم دی گئی ہے اس نے میری آنکھیں کھول دی ہیں اور مجھے وہ خدا عطا کر دیا ہے جسے میں برسوں سے تلاش کر رہا تھا اور یہ کہا کہ آج واپسی پر میں آپ لوگوں کے ساتھ ہی احمدیہ سنٹر جانا چاہتا ہوں اور نماز پڑھ کر اس خدا کی غلامی میں آنا چاہتا ہوں جو ہمارا خالق و مالک ہے اور اسی مذہب کو قبول کرنا چاہتا ہوں جس نے مجھے صحیح راستہ دکھایا ہے۔

س: حضرت مسیح موعود نے اپنی بعثت کا مقصد کیا بیان فرمایا ہے؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ”خدا نے اِس رسول کو یعنی کامل مجدد کو اِس لئے بھیجا ہے کہ تا خدا اس زمانہ میں یہ ثابت کر کے دِکھلا دے کہ (دین حق) کے مقابل پر سب دین اور تمام تعلیمیں ہیچ ہیں اور (دین حق) ایک ایسا مذہب ہے جو تمام دینوں پر ہر ایک برکت اور دقیقہ معرفت اور آسمانی نشانوں میں غالب ہے۔ یہ خدا کا ارادہ ہے کہ اس رسول کے ہاتھ پر ہر ایک طرح پر (دین حق) کی چمک دکھلاوے۔“

(تریاق القلوب، روحانی خزائن جلد 15 صفحہ 266)

س: اسلام کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ”لغت عرب میں اسلام اس کو کہتے ہیں کہ بطور پیشگی ایک چیز کا مول دیا جائے اور یا یہ کہ کسی کو اپنا کام سونپیں اور یا یہ کہ صلح کے طالب ہو اور یا یہ کہ کسی امر یا خصومت کو چھوڑ دیں۔“

(آئینہ کمالاتِ اسلام، روحانی خزائن جلد 5 صفحہ 57-58)

س: (دین حق) کے اصطلاحی معنی کیا ہیں؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ”اصطلاحی معنے (دین حق) کے وہ ہیں جو اس آیت کریمہ میں اس کی طرف اشارہ ہے (نہیں نہیں، سچ یہ ہے کہ جو اپنا آپ خدا کے سپرد کر دے اور وہ احسان کرنے والا ہو تو اس کا اجر اس کے رب کے پاس ہے اور ان (لوگوں) پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے) (البقرہ:113) یعنی مسلمان وہ ہے جو خدا تعالیٰ کی راہ میں اپنے تمام وجود کو سونپ دیوے یعنی اپنے وجود کو اللہ تعالیٰ کے لئے اور اس کے ارادوں کی پیروی کے لئے اور اس کی خوشنودی کے حاصل کرنے کے لئے وقف کر دیوے اور پھر نیک کاموں پر خدا تعالیٰ کے لئے قائم ہو جائے اور اپنے وجود کی تمام عملی طاقتیں اُس کی راہ میں لگا دیوے مطلب یہ ہے کہ اعتقادی اور عملی طور پر محض خدا تعالیٰ کا ہو جاوے۔

(آئینہ کمالاتِ اسلام، روحانی خزائن جلد 5 صفحہ 58)

س: حضرت مسیح موعود نے قرآنی دعا اھدنا الصراط ...... انعمت علیھم میں لفظ انعمت کی کیا تفسیر بیان فرمائی؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ”خدا تعالیٰ نے سورہ فاتحہ ہی میں یہ دُعا سکھائی ہے (الفاتحہ 7,6) انعمت علیھم کی راہ کے لئے جو دُعا سکھائی تو اس میں انبیاء علیہم السلام کے کمالات کے حصول کا اشارہ ہے اور یہ ظاہر ہے کہ انبیاء علیہم السلام کو جو کمال دیا گیا وہ معرفت الٰہی ہی کا کمال تھا اور یہ نعمت ان کو مکالمات اور مخاطبات سے ملی تھی۔“

(لیکچر لدھیانہ، روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 286)

س: مذہب کی سچائی کی بنیادی اکائی کیا ہے؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ”کیا کوئی دل اور کوئی کانشنس اس بات کو قبول کر سکتا ہے کہ ایک مذہب تو سچا ہے مگر اس کی سچائی کی چمکیں اور سچائی کے نشان آگے نہیں بلکہ پیچھے رہ گئے ہیں اور اُن ہدایتوں کے بھیجنے والے کے منہ پر ہمیشہ کے لئے مہر لگ گئی ہے۔ میں جانتا ہوں کہ ہر ایک انسان جو سچی بھوک اور پیاس خدا تعالیٰ کی طلب میں رکھتا ہے وہ ایسا خیال ہرگز نہیں کرے گا۔ اس لئے ضروری ہے کہ سچے مذہب کی یہی نشانی ہو کہ زندہ خدا کے زندہ نمونے اور اُس کے نشانوں کے چمکتے ہوئے نور اُس مذہب میں تازہ بتازہ موجود ہوں“۔

(تریاق القلوب، روحانی خزائن جلد 15 صفحہ 497)

س: حضرت مسیح موعود نے اپنی بعثت کے حوالہ سے اپنے ماننے والوں کو کیا نصائح فرمائیں؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ”خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ ان تمام روحوں کو جو زمین کی متفرق آبادیوں میں آباد ہیں کیا یورپ اور کیا ایشیا ان سب کو جو نیک فطرت رکھتے ہیں توحید کی طرف کھینچے اور اپنے بندوں کو دین واحد پر جمع کرے یہی خدا تعالیٰ کا مقصد ہے جس کے لئے میں دنیا میں بھیجا گیا سو تم اس مقصد کی پیروی کرو مگر نرمی اور اخلاق اور دعاؤں پر زور دینے سے“۔

(رسالہ الوصیت، روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 307,306)

س: حضور انور نے اپنے خطاب کے اختتام پر احباب جماعت کو کیا نصائح فرمائیں؟

ج: فرمایا! دنیا کو بتا دیں کہ (دین حق) ہی اب دنیا کی بقا کا ذریعہ ہے اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جھنڈا ہی حقیقی امن کی ضمانت ہے اور (دین حق) کے زندہ خدا کو ماننے اور اس سے تعلق جوڑنے میں ہی تمہاری دنیا و آخرت کی زندگی ہے۔ آج دنیا میں احمدی مسلمانوں کے علاوہ کوئی اور نہیں جو یہ حقائق دنیا پر آشکار کر سکے۔ پس اٹھیں اور اس اہم فریضہ کو ادا کرنے کے لئے اپنے عہدوں کو پورا کرتے ہوئے اپنے جان مال وقت اور عزت کی قربانی کے معیاروں کو بلند کرتے ہوئے اپنی تمام تر استعدادیں بروئے کار لاتے ہوئے اپنی دعاؤں کو بھی انتہا تک پہنچائیں اور غمِ دنیا کو غمِ خود پر اس طرح حاوی کر لیں کہ عرشِ خدا ہمارے اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے ہماری کوششوں کو بے انتہا برکتوں سے بھر دے اور روئے زمین پر ایک ہی مذہب اور ایک ہی رسول ہو اور ایک خدا ہو جو واحد و یگانہ ہے اور اس کی پرستش کی جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆

ورزش ہر عمر میں مفید ہے

ورزش کر کے خود کو 30 سال کم عمر محسوس کیجئے کیونکہ ورزش عمر کی گھڑی پیچھے کر دیتی ہے۔ ڈلاس (امریکہ) کے پریسی بیٹیرین ہسپتال کے ڈاکٹر بینجمن کیوین نے طویل اور تفصیلی مطالعے کے بعد انکشاف کیا ہے کہ 6 مہینے تک باقاعدگی سے ورزش کرنے والے خود کو 20 سالہ شخص کی طرح مکمل صحت منداور توانا محسوس کرتے ہیں۔

1966ء میں شروع ہونے والے اس مطالعے کا سلسلہ 1996ء تک جاری رہا۔ اس میں 20 سے 28 سال کی عمر کے پانچ افراد شامل تھے۔ آغاز میں ان کی صحت و توانائی کی سطح اچھی طرح جانچی گئی۔ جس کے بعد انہیں 3 ہفتوں تک آرام کے اثرات کا اندازہ کرنے کے لئے بستر پر آرام کا موقع دیا گیا۔ اس کے بعد اس مطالعے میں شریک تحقیق کاروں نے انہیں 8 ہفتوں کے ورزشی پروگرام میں شامل کیا اور ان کی توانائی اور صحت کی سطح کی جانچ کی گئی۔

یہی پانچ افراد 1996ء میں اپنے دوبارہ ٹیسٹ اور جانچ کے لئے حاضر ہوئے۔ اس وقت وہ عمر کے پانچویں عشرے میں داخل ہو چکے تھے اور زیادہ آرام پسند ہو گئے تھے۔ ان کے وزن میں اوسطاً 25 فیصد اضافہ ہو چکا تھا اور جسم میں جمع چربی دوگنی ہو چکی تھی۔ ان میں ہوازا (ایروبک) یا سخت ورزشیں کرنے کی صلاحیت 11 فیصد کم ہو گئی تھی۔

حاضر ہونے کے بعد انہوں نے ورزش کا سابقہ پروگرام دوبارہ شروع کیا۔ وہ ہفتے میں چار پانچ دن روزانہ ایک گھنٹے واک، جاگنگ اور سائیکلنگ کرتے تھے۔ 24 ہفتوں کے بعد ان پانچوں کے قلب کی صحت کی سطح وہی ہو گئی جو 20 سال کی عمر میں تھی۔

اس مطالعے کے نگراں ڈاکٹر بینجمن کیوین کے مطابق ورزش کسی بھی عمر میں کی جا سکتی ہے اور عمر میں اضافے کے اثرات کا ورزش سے تدارک کیا جا سکتا ہے۔ ان کے مطابق تجربے نے ثابت کیا کہ بستر پر آرام زیادہ نقصان دہ ہوتا ہے۔ اس سے خاص طور پر ہوازا (ایروبک) ورزشیں کرنے کی صلاحیت کو زیادہ نقصان پہنچتا ہے۔ یہ نقصان عمر میں 30 سال اضافے سے زیادہ ہوتا ہے۔

(ہمدرد صحت)

☆..........☆..........☆

مدینۃ الاولیاء ملتان۔ تاریخ و اہمیت

مکرم عطاء النور صاحب

پنجاب کا ایک ڈویژن، ایک ضلع اور ایک تاریخی شہر ملتان بھی ہے۔ اس ڈویژن کا رقبہ 24 ہزار 827 مربع میل ہے۔

یہ ڈویژن چار اضلاع پر مشتمل ہے۔ یعنی وہاڑی، ملتان، خانیوال اور لودھراں۔ ملتان ڈویژن کو یہ فخر حاصل ہے کہ پنجاب کی کپاس کی پیداوار کا 60 فیصد اور گندم کی پیداوار کا 35 فیصد مہیا کرتا ہے۔ مصنوعی کھاد بھی اس ڈویژن کی اہم صنعت ہے۔ دریائے سندھ، چناب، راوی اور ستلج اس ڈویژن کے وسیع علاقے کو نہ صرف سیراب کرتے ہیں بلکہ عوام کی غذائی ضرورت کی مچھلی بھی مہیا کرتے ہیں۔ ملتان ڈویژن میں برعظیم کی گائے، بھینسوں کی مشہور نسلیں ساہی وال، راوی اور نیلی بکثرت موجود ہیں۔ صوبہ پنجاب کے دودھ دینے والے بہترین جانوروں کا 35 فیصد اس ڈویژن میں ہے۔ پاکستان میں سب سے زیادہ آم کے باغات بھی اسی ڈویژن میں ہیں۔

ملتان ضلع کے شمال میں ضلع جھنگ، مشرق میں خانیوال اور وہاڑی کے اضلاع، جنوب میں بہاولپور اور مغرب میں مظفر گڑھ کے اضلاع واقع ہیں۔ دریائے ستلج اسے بہاولپور سے اور دریائے چناب ضلع مظفر گڑھ سے جدا کرتے ہیں۔ ضلع ملتان تین تحصیلوں پر مشتمل ہے۔ کبیر والا، شجاع آباد اور ملتان۔ ضلع کا رقبہ 10 ہزار 8 سو مربع میل ہے۔ زرعی پیداوار میں گندم، کپاس، چاول اور گنا قابل ذکر ہیں۔ آم، سنگترہ، لیموں، انار اور کھجور اہم پھلوں میں سے ہیں۔

تاریخ

ملتان شہر نہ صرف پاکستان بلکہ جنوبی ایشیا کا سب سے قدیم شہر ہے۔ اس کی قدامت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ مشہور مؤرخ البیرونی نے اپنے سفرنامہ میں اسے دو لاکھ سولہ ہزار چار سو تیس برس پرانا بتایا ہے اور لکھتا ہے کہ اس کا قدیم نام کشپ پورہ تھا۔ چونکہ یہ شہر بار بار اجڑتا رہا ہے اس لئے اس کا نام کبھی ہنس پورہ، بھاگپور، سب پور، مولستھان پور، پرپلا پور، مولتا رن وغیرہ پڑتے رہے۔ بعض کے نزدیک اس شہر کا نام یہاں کے ایک قدیمی قبیلہ مل (Mul) کے نام پر پڑا جو ملستھان نامی ایک بت کی پوجا کرتے تھے۔ ہندوؤں کی تاریخ میں یہ بھی لکھا ہے کہ ان کی متبرک کتاب رگ وید بھی اسی علاقہ میں بیٹھ کر لکھی گئی تھی اور یہ بھی کہ یہ شہر ان کی دیوی اور دیوتاؤں کا مسکن رہا ہے۔ ملتان کا ذکر شاہنامہ فردوسی میں بھی ہے جس میں یوں لکھا ہے کہ یہ شہر 6 سو سال قبل مسیح میں ایک صوبہ تھا۔ بہرحال اس کی مستند تاریخ سکندر اعظم کے حملے سے ملتی ہے جو 350 قبل مسیح میں ہوا۔ بعض مؤرخین ملتان کو ہڑپہ اور موہنجوڈرو کے زمانے کا ہم عصر خیال کرتے ہیں جس کی تصدیق قلعہ کہنہ کی کھدائی سے برآمد اشیاء سے ہوتی ہے۔

ملتان کو اصل شہرت اسلامی عہد حکومت میں حاصل ہوئی۔ جب نوجوان عرب سپہ سالار محمد بن قاسم نے اسے 712ء میں فتح کیا۔ یہاں تقریباً دس ہزار عرب آباد کئے اور ایک جامع مسجد تعمیر کرائی۔ تیسری صدی ہجری تک ملتان اور اس کے مضافات میں مدارس اور مساجد کا جال پھیل گیا اور یہ شہر علم و ادب کا گہوارہ بن گیا۔ چوتھی صدی ہجری میں اسے محمود غزنوی نے فتح کیا۔ اسی کے زمانے میں مشہور مؤرخ و مفکر البیرونی یہاں آیا اور پانچ سال سے زیادہ عرصے تک ملتان میں رہا۔ اس کی تصنیف ’’کتاب الہند‘‘ میں اس زمانے کے ملتان کی علمی و ثقافتی زندگی کا تذکرہ تفصیل سے ملتا ہے۔

بہرام شاہ غزنوی کے عہد میں حضرت شاہ یوسف گردیزی ملتان پہنچے اور قرآن و سنت کی تعلیم کو عام کیا۔ اس سلسلے کو متعدد علماء اور صوفیا نے مزید آگے بڑھایا۔ مولانا حسام الدین ترمذی باب فرید گنج شکر کے والد محترم اور حضرت بہاء الدین زکریا ملتان کے جد امجد حضرت کمال الدین نے اس شہر کو اپنا مسکن بنایا اور اسے ظاہری اور باطنی علوم کا ممتاز ترین مرکز ہونے کا شرف حاصل ہوا۔ ناصر الدین قباچہ کے دور میں صرف حضرت بہاء الدین زکریا کے مدرسے سے تقریباً 70 ہزار طلباء فارغ التحصیل ہو کر مشرق و مغرب کے ممالک میں پھیلے۔

1175ء میں شہاب الدین غور نے قرامطہ فتنے کا خاتمہ کر کے اس پر قبضہ کیا۔ ناصر الدین قباچہ، رضیہ سلطانہ، جلال الدین خلجی، سلطان محمد تغلق، امیر تیمور، خضر خان ملتانی، سلطان حسین لنگاہ، مرزا حسین ارغون، شیر شاہ سوری، شہزادہ مراد بخش، نعمت خان میرانی، احمد شاہ ابدالی، عبدالصمد خان، نواب مظفر خان سدوزئی، دیوان ساون مل، دیوان محمد سراج بھی یہاں کے حکمران رہے۔

ملتان شہر کو یہ فخر حاصل ہے کہ اہل تصوف کے تین روحانی سلسلے سہروردیہ، چشتیہ اور قادریہ یہیں سے پورے برعظیم میں پہنچے۔ سہروردی سلسلہ حضرت بہاء الدین زکریا ملتان سے چشتیہ سلسلہ بابا فرید گنج شکر سے اور قادری سلسلہ حضرت مخدوم رشید حقانی سے چلا۔ نیز اس شہر کو تین بڑے حکمرانوں کا مولد ہونے کا شرف بھی حاصل ہے، محمد تغلق، بہلول لودھی اور احمد شاہ ابدالی۔ یہ تینوں ملتان کے فرزند ہیں۔

ملتان شہر کو مدینۃ الاولیاء اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہاں اکابر اولیائے کرام کے مزارات ہیں جن میں حضرت بہاء الدین زکریا، شیخ صدر الدین عارف، شیخ رکن الدین، حضرت شمس تبریزی، شاہ گردیز، شاہ حسین آگاہی، سید موسیٰ پاک شہید اور سلطان محمد قتال قابل ذکر ہیں۔

حضرت مسیح موعود کا ملتان میں ورود مسعود

حضرت مسیح موعود کو بھی ایک مقدمہ کے سلسلہ میں ملتان جانے کا موقعہ ملا۔ آپ اپنے سفر ملتان کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

مردوں سے مدد مانگنے کا خدا نے کہیں ذکر نہیں کیا بلکہ زندوں ہی کا ذکر فرمایا...... مردوں کی قبریں کہاں کم ہیں۔ کیا ملتان میں تھوڑی قبریں ہیں۔ گردوگرما و گدا گورستان اس کی نسبت مشہور ہے۔ میں بھی ایک بار ملتان گیا جہاں کسی قبر پر جاؤ مجاور کپڑے اتارنے کو گرد ہو جاتے ہیں۔

(ملفوظات جلد 1 ص 350)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول ملتان میں

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کو بھی اپنے آقا حضرت مسیح موعود کی طرح ایک مقدمہ کی شہادت کے لئے ملتان جانا پڑا۔ یہ 26 جولائی 1910ء کا واقعہ ہے۔ پھر معززین ملتان نے جس مدرسہ اسلامیہ میں حضرت اقدس مسیح موعود کی تقریر کروائی تھی۔ اسی مدرسہ کے ہال میں آپ سے بھی تقریر کروائی گئی اور بعد ازاں سینکڑوں افراد نے آپ سے جسمانی معالجات سے بھی فائدہ اٹھایا۔

(حیات نور ص 456 تا 459)

اس کے علاوہ دیگر خلفاء احمدیت اور رفقاء اور بزرگان کو بھی ملتان جانے کا موقع ملا۔

ملتان اور حضرت بابا گورونانک صاحب

حضرت مسیح موعود نے اپنے ایک رفیق مکرم نیاز بیگ صاحب کو اس امر کے سلسلہ میں ملتان تحقیق کے لئے بھیجا کہ حضرت باوا نانک نے ملتان میں کوئی چلہ کیا ہے یا نہیں۔ چنانچہ 30 ستمبر 1895ء کو ان کا خط مع نقشہ موقع کے حضرت صاحب کو موصول ہوا جس کا ذکر آپ نے اپنی کتاب ست بچن میں کیا ہے۔

جس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت باوا نانک صاحب نے حج سے واپسی پر روضہ مبارک حضرت شاہ شمس تبریز صاحب پر چالیس روز تک چلہ کیا تھا۔ روضہ کے جانب جنوب میں وہ مکان ہے جو چلہ نانک کہلاتا ہے۔ روضہ کی دیوار جنوبی میں ایک مکان محراب دار دروازہ کی شکل پر بنا ہوا ہے۔ اس پر یا اللہ کا لفظ لکھا ہوا ہے اور ساتھ اس کے ایک پنجہ بنا ہوا ہے۔ اس جگہ کے ہندو مسلمان اس بات پر اتفاق رکھتے ہیں کہ یہ لفظ یا اللہ باوا صاحب نے اپنے ہاتھ سے لکھا تھا اور پنجہ کی شکل بھی اپنے ہاتھ سے بنائی تھی۔ چنانچہ ہندو لوگ اس جگہ کو متبرک سمجھ کر زیارت کرنے کو آتے ہیں اور ایسا ہی سکھ بھی زیارت کے لئے ہمیشہ آتے رہتے ہیں۔

روضہ کے گرداگرد ایک مکان مسقف بنا ہوا ہے جس کو یہاں کے لوگ غلام گردش کہتے ہیں۔ جہاں باوا نانک صاحب کی جائے نشست ہے۔ جو مسقف ہے۔

(ست بچن۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 184 تا 187)

بقیہ از صفحہ 6: شذرات

